پریس ریلیز

ڈینگی سے بچاؤ کیلئے جنرل ہسپتال میں آگاہی واک کا انعقاد ، پمفلٹس تقسیم

معاشرے کواپنی ذمہ داریاں پوری کرنا ہونگی،ڈینگی بخاراب سماجی مسئلہ ہے،:پروفیسر الفرید ظفر

ڈینگی کی ویکسین ابھی دستیاب نہیں ، صفائی اور احتیاط واحد علاج ہے :پروفیسر طاہر صدیق

لاہور 24 ستمبر:......ڈینگی بخار صحت کے ساتھ ساتھ اہم سماجی مسئلہ بھی بن چکا ہے لہذا اس پر قابو پانے کیلئے معاشرے کو اپنی ذمہ داریاں پوری کرنا ہوں گی،ڈینگی کی ویکسین ابھی دستیاب نہیں ہے لہذا اس بیماری سے بچاؤ کا واحد حل اپنے گرد و پیش صفائی ستھرائی کو یقینی بنانا اور زیادہ سے زیادہ احتیاط کرنا ہے جبکہ ڈینگی مچھر چکن گونیا اور زیکاوائرس کا باعث بھی بنتا ہے لہذا اس مسئلے کو سنجیدہ لیتے ہوئے بھرپور احتیاطی تدابیر کرنی چاہئیں۔

اس امر کا اظہار پرنسپل امیر الدین میڈیکل کالج پروفیسر ڈاکٹر سردار محمد الفرید ظفر نے لاہور جنرل ہسپتال میں ڈینگی سے متعلق آگاہی و بچاؤ کیلئے منعقدہ واک کے شرکاء سے گفتگو کرتے ہوئے کیا جہاں شہریوں کی رہنمائی کے لئے پمفلٹس بھی تقسیم کے گئے ۔آگاہی واک میں پروفیسر آف میڈیسن یونٹ 3 پروفیسر ڈاکٹر طاہر صدیق ،ڈاکٹر محمد مقصود،ڈاکٹر عمر اعجاز، ڈاکٹر جعفر حسین ،ڈاکٹر عبدالعزیز،ڈاکٹر سلمان شکیل سمیت ڈاکٹرز ،نرسز اور پیرامیڈیکس نے بڑی تعداد میں شرکت کی ۔پروفیسر الفرید ظفر نے کہا کہ عوام کی بھرپور شرکت اور تعاون کے بغیر ڈینگی وباء کو پھیلنے سے روکنا ناممکن ہے،جب تک ہر شہری اپنے گھر کے اندر صفائی ستھرائی اور مچھروں کی افزائش کا باعث بننے والے عوامل پر قابو پانے کی ذمہ داری قبول نہیں کرتا ڈینگی بخار لوگوں کو متاثر کرتا رہے گا۔

پروفیسر طاہر صدیق کا کہنا تھا کہ حکومت،غیر سرکاری تنظیموں اور میڈیا کے باہمی اشتراک سے گزشتہ ایک دہائی سے ڈینگی کے خلاف عوامی آگاہی کی بھرپور مہمات چلا رہی ہے اور محکمہ صحت کی سرویلنس ٹیمیں گھر گھر جا کر ڈینگی کی پرورش کو روکنے کے بارے میں آگاہی اور پانی تلف کرنے کے مشورے دے رہے ہیں تاہم یہ بات افسوسناک ہے کہ اتنے سال گزرنے کے باوجود ڈینگی کی روک تھام کے سلسلے میں کمیونٹی کا کردار سرد مہری کا شکار دکھائی دیتا ہے اور جس کا ہر سال لوگوں کو احساس دلایا جاتا ہے۔

ذرائع ابلاغ کے نمائندوں سے گفتگو میں پروفیسر الفرید ظفر نے کہا کہ دنیا بھر میں ڈینگی کی روک تھام کے لئے سب سے پہلی ذمہ داری اہل خانہ کی ہوتی ہے جو اپنے گھروں کو اندر سے صاف ستھرا رکھتے ہیں ۔انہوں نے کہا کہ گرمی کے موسم میں استعمال ہونے والے روم کولر اس مچھر کے پیدا ہونے کی آئیڈیل جگہ ہیں جس کی صفائی پر خصوصی توجہ دینا انتہائی ضروری ہے۔ پروفیسر طاہر صدیق نے مزید کہا کہ حکومتی ادارے عوامی شعور کی بیداری کیلئے تمام کوششیں کر سکتے ہیں تاہم جب تک کمیونٹی اپنا متحرک کردار ادا نہیں کرتی ہمارا معاشرہ اس مسئلہ سے دوچار رہے گا۔پرنسپل پروفیسر الفرید ظفر اور پروفیسر طاہر صدیق نے ہسپتال میں آنے والے مریضوں اور لواحقین میں ڈینگی مرض سے بچاؤ کے متعلق پمفلٹس بھی تقسیم کیے اور اپیل کی کہ وہ صفائی ستھرائی کے پیغام کو زیادہ سے زیادہ عام کریں ۔انہوں نے بتایا حکومت پنجاب کی پالیسی کے مطابق جنرل ہسپتال میں ڈینگی بخار سے متعلق تمام سہولیات و ادویات مفت دستیاب ہیں اور اس حوالے سے محکمہ صحت اپنا مثبت کردار ادا کرتا رہے گا۔

لاہور جنرل ہسپتال میں ڈینگی سے بچاؤ کیلئے آگاہی واک کا انعقاد، پرنسپل پی جی ایم آئی پروفیسر
الفرید ظفر، پروفیسر طاہر صدیق ودیگر شریک ہیں

سربراہ جنرل ہسپتال پروفیسر الفرید ظفر، پروفیسر طاہر صدیق کے ہمراہ شہریوں میں ڈینگی سے بچاؤ واحتیاطی تدابیر
بارے پمفلٹس تقسیم کررہے ہیں